COVID-19 ٹیسٹنگ: عمومی سوالات (FAQ)

ٹیسٹنگ سائٹ تلاش کرنے کے لیے **nyc.gov/covidtest** ملاحظہ کریں۔ بہت سی سائٹس مفت اور ترک وطن کی حیثیت سے قطع نظر ٹیسٹنگ پیش کر رہی ہیں۔

<u>COVID-19 کے لیے وائرل (تشخیصی) ٹیسٹنگ</u>

وائرل ٹیسٹنگ کیا ہے اور یہ کیسے کی جاتی ہے؟

وائرل ٹیسٹ اس بات کا تعین کرنے کے لیے کیے جاتے ہیں کہ آیا آپ کو اس وقت COVID-19 ہے۔ ان ٹیسٹوں میں آپ کے ناک یا حلق میں سواب (جو ایک لمبی Q-tip کے جیسی ہوتی ہے) ڈال کر یا لعاب لے کر نمونہ لیا جاتا ہے۔ اگر آپ میں COVID-19 کی علامات ہیں تو اپنے ٹیسٹ کے نتائج کا انتظار کرنے کے دوران گھر پر ہی رہیں (آئیسولیٹ ہو جائیں)۔

COVID-19 وائرل ٹیسٹ کس کو کروانا چاہیے؟

چاہے ویکسین لگی ہو تب بھی ہر کسی کو ٹیسٹ کروانا چاہیے:

- فوری طور پر اگر انہیں COVID-19 کی علامات درپیش ہیں
- COVID-19 سے بیمار کسی شخص کی زد میں آنے کے پانچ دن کے بعد
- سفر اور کسی بڑے اجتماع میں شرکت سے پہلے اور بعد میں

جن لوگوں کو ویکسین نہیں لگی ان کو زیادہ وقتا فوقتا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ جو افراد پچھلے 90 دنوں میں COVID-19 میں مبتلا (وائرل ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آیا ہے) ہو کرصحت یاب ہو چکے ہیں ان کو ٹیسٹ کروانے کی ضرورت نہیں، ماسوائے کہ اگر ان میں علامات ظاہر ہوں۔

COVID-19 وائرل ٹیسٹوں کی مختلف اقسام کون کون سی ہیں؟

COVID-19 کے وائرل ٹیسٹوں کی دو اقسام ہیں:

- **PCR اور دیگر مالیکیولر ٹیسٹ** - یہ ٹیسٹ اس وائرس کے جینیاتی مواد کو تلاش کرتے ہیں جو COVID-19 کا سبب بنتا ہے۔ نمونہ لیبارٹری میں بھیجا جانا درکار ہوتا ہے اور نتائج ملنے میں عام طور پر کچھ دن لگتے ہیں۔ PCR ٹیسٹ اس وقت بھی وائرس کا پتہ لگا سکتے ہیں جب یہ آپ کے جسمانی نظام میں بہت تھوڑی مقدار میں موجود ہو۔ تاہم، کچھ لوگوں کا COVID-19 ہونے کے بعد ہفتوں یا مہینوں تک PCR ٹیسٹ مثبت آتا ہے، چاہے وہ اب متعدی نہ ہوں۔
- **اینٹیجن ٹیسٹ** (جنہیں اکثر **ریپڈ ٹیسٹ** کہا جاتا ہے) – یہ ٹیسٹ اس وائرس میں موجود پروٹین تلاش کرتے ہیں جو COVID-19 کا سبب بنتا ہے۔ یہ ٹیسٹ عام طور پر ٹیسٹنگ سائٹ پر، یا گھر پر ٹیسٹ کیے جانے والے ٹیسٹ کی صورت میں گھر پر، پراسیس کیے جاتے ہیں اور نتائج جلدی دستیاب ہو جاتے ہیں۔ ممکن ہے اینٹیجن ٹیسٹ اس شخص میں وائرس کا پتہ نہ لگا پائیں اگر وہ حال ہی میں متاثر ہوا تھا یا اس کے سسٹم میں وائرس کی تھوڑی مقدار ہے۔ اس وجہ سے، بعض اوقات فالو اپ PCR ٹیسٹ کروایا جانا چاہیے، جیسے کہ جب کسی شخص میں COVID-19 کی علامات ہوں لیکن اینٹیجن ٹیسٹ منفی آیا ہو۔

گھر پر کیے جانے والے ٹیسٹ کیا ہیں اور مجھے یہ ٹیسٹ کب استعمال کرنے چاہیئں؟

COVID-19 کے گھر پر کیے جانے والے ٹیسٹ (جن کو سیلف ٹیسٹ بھی کہا جاتا ہے) ممکن بناتے ہیں کہ ٹیسٹنگ کا کچھ حصہ یا مکمل عمل گھر پر ہی کر لیا جائے۔ گھر پر کیے جانے والے زیادہ تر ٹیسٹ آپ کو نمونے کا ٹیسٹ خود کرنے کے قابل بناتے ہیں، جن میں نتائج منٹوں میں آ جاتے ہیں۔ کچھ ٹیسٹوں میں آپ نے ناک کی رطوبت یا لعاب کا نمونہ لے کر اس کو لیبارٹری میں بھیجنا ہوتا ہے۔

گھر پر کیے گئے ٹیسٹ کے نتائج کچھ مقاصد کے لیے شاید قابل قبول نہ ہوں، جیسے آجر یا سفر کی عائد کردہ ٹیسٹنگ کی شرائط یا اگر آپ کو بعد میں کبھی پہلے ہوئی COVID-19 انفیکشن کا ثبوت فراہم کرنے کی ضرورت ہو۔ گھر پر ٹیسٹنگ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، بشمول گھر پر ٹیسٹ کرنے کے حوالے سے تجاویز اور نتائج کی تشریح کیسے کی جائے، **on.nyc.gov/home-testing** ملاحظہ کریں۔

وائرل ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا کیا مطلب ہے؟
ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کے خون میں COVID-19 اینٹی باڈیز کی موجودگی کا پتہ چلا ہے۔ بیمار ہونے پرکیا کرنا چاہیے اور آپ کب گھر سے نکل سکتے ہیں، اس بارے میں معلومات **on.nyc.gov/covid-symptoms** پر دستیاب ہیں۔ گھر پر الگ (آئسولیٹ) ہونے کے حوالے سے مدد گار وسائل کے لیے 212-268-4319 پر کال کریں یا **nychealthandhospitals.org/test-and-trace/take-care** ملاحظہ کریں۔

وائرل ٹیسٹ کے منفی نتیجے کا کیا مطلب ہے؟
ٹیسٹ کے منفی نتیجے کا مطلب ہے کہ اس بات کا کافی زیادہ امکان ہے کہ آپ کو COVID-19 نہیں ہے۔ اگر آپ کو علامات کا سامنا ہے تو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنا جاری رکھیں، جیسے کہ چہرے پر ماسک پہننا، کیونکہ ایسا ممکن ہے کہ آپ کو وائرس سے انفیکشن ہو لیکن ٹیسٹ میں اس کا معلوم نہ ہوا ہو۔

اگر مجھے **COVID-19** کی ویکسین لگ چکی ہے تو کیا میرا **COVID-19** کا ٹیسٹ مثبت آئے گا؟
ویکسینوں سے آپ کو COVID-19 نہیں ہو سکتا اور نہ ہی ان کی وجہ سے آپ کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آ سکتا ہے۔ ویکسینوں میں COVID-19 کا سبب بننے والا وائرس نہیں ہوتا ہے۔ اگر آپ کا COVID-19 ٹیسٹ مثبت آ گیا ہے تو اس کا مطلب ہے کہ آپ کو غالباً حالیہ طور پر زد میں آنے کی وجہ سے COVID-19 ہوا ہے۔

<u>اینٹی باڈی ٹیسٹ</u>

اینٹی باڈی ٹیسٹنگ کیا ہے اور یہ کیسے کی جاتی ہے؟
اینٹی باڈیز خصوصی پروٹینیں ہیں جن کو جسم انفیکشن سے لڑنے میں مدد کے لیے پیدا کرتا ہے۔COVID-19 اینٹی باڈیز وائرس سے متاثر ہونے کی صورت میں لوگوں کو بیمار ہونے سے بچانے میں مدد کرتی ہیں۔ اینٹی باڈی ٹیسٹنگ میں آپ کی انگلی میں چھوٹا سا سوراخ کر کے یا آپ کے بازو کی رگ سے خون کا نمونہ حاصل کیا جاتا ہے۔

اینٹی باڈی ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا کیا مطلب ہے؟
ٹیسٹ کے مثبت نتیجے کا مطلب ہے کہ آپ کے خون میں COVID-19 اینٹی باڈیز کی موجودگی کا پتہ چلا ہے۔ اینٹی باڈیز ماضی میں COVID-19 ہونے، ویکسینیشن یا دونوں کی وجہ سے ہو سکتی ہیں۔

اگر میرے جسم میں **COVID-19** اینٹی باڈیز موجود ہیں تو کیا مجھے پھر بھی **COVID-19** ویکسین یا بوسٹر شاٹ لگوانا چاہیے؟
جی ہاں۔ اگر آپ کو پہلے COVID-19 ہو چکا ہے تو ویکسینیشن آپ کے مدافعتی ردِ عمل کو مظبوط کر کے دوبارہ COVID-19 میں مبتلا ہونے کے امکان کو کم کرنے کا ایک محفوظ طریقہ ہے۔ اگر آپ کو COVID-19 ہو جاتا ہے تو ویکسینیں آپ کے بیمار ہونے، ہسپتال میں داخل ہونے اور موت کے امکانات کو بہت حد تک کم کر دیتی ہیں۔

کیا مجھے اینٹی باڈی ٹیسٹوں کو یہ فیصلہ کرنے کے لیے استعمال کرنا چاہیے کہ آیا مجھے ویکسین لگوانی چاہیے یا نہیں؟
نہیں۔ اینٹی باڈی ٹیسٹ COVID-19 کے خلاف مدافعت نہیں ٹیسٹ کر سکتے۔ انہیں یہ فیصلہ کرنے کے لیے استعمال نہیں کیا جانا چاہیے کہ آیا ویکسین لگائی جائے یا نہیں کیونکہ اگر آپ کو COVID-19 ہو چکا ہو تب بھی ویکسینیشن کی سفارش کی جاتی ہے۔

صورتحال کے ارتقاء کو دیکھتے ہوئے NYC محکمہ صحت سفارشات تبدیل کر سکتا ہے۔ 4.4.22